نومنتخب ممبران کونسل نے حلف لیا

لکھنؤ(ایس این بی) اتر پردیش کونسل کے نومنتخب 13 ممبران نے آج جمعہ کو ایوان کی رکنیت کے طور پر حلف لیا۔ کونسل نے لیے اتر پردیش اسمبلی انتخابی حلقہ سے نومنتخب 13 ممبران کو جمعہ کی شام کونسل کے چیئر مین کنور مانویندر سنگھ نے کونسل ہاؤس کے تلک ہال میں رکنیت کا حلف دلایا۔ اس دوران وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ بھی موجود تھے۔

حلف لینے والے کونسل کے ممبران میں بھارتیہ جنتا پارٹی کے ڈاکٹر مہیندر سنگھ، وجے بہادر پاٹھک، اشوک کٹاریا، رام تیرتھ سنگھل، سنتوش سنگھ، دھرمیندر سنگھ اور موہت بنی وال شامل ہیں۔ جبکہ این ڈی اے کی معاون پارٹی اپنادل (ایس) کے آشیش پٹیل، سہیل دیو بھارتیہ سماج پارٹی (سبھاسپا) بچھے لال اور آر ایل ڈی کے یوگیش چودھری نے بھی حلف لیا اس کے علاوہ سماج وادی پارٹی کے ممبران بلرام یادو، شاہ عالم گڈو جمالی اور کرن پال کشیپ کو بھی چیئر مین نے حلف دلایا۔

حلف برداری تقریب کے بعد اتر پردیش کے 100 رکنی کونسل میں اب اہم اپوزیشن پارٹی سماج وادی پارٹی کو حزب اختلاف لیڈر کا درجہ مل جائے گا۔ ابھی تک سپا کے پاس ایوان میں مقررہ ممبران کی تعداد نہ ہونے سے پارٹی کو یہ درجہ نہیں ملا تھا۔ پرنسپل سکریٹری راجیش کمار نے بتایا کہ کونسل میں حزب اختلاف کے لیڈر کا درجہ حاصل کرنے کے لیے اہم اپوزیشن پارٹی کے ممبران کی تعداد کم سے کم 10 ہونی چاہئے۔ کونسل کی ویب سائٹ کے مطابق اتر پردیش کے کونسل میں اس وقت برسر اقتدار پارٹی بھاجپا کے 78 ممبران ہیں، جبکہ اس کی معاون پارٹی اپنادل (ایس)، نشاد پارٹی، سبھاسپا اور آر ایل ڈی کے ممبران کی تعداد ایک ایک ہے۔ ایوان میں اہم اپوزیشن سماج وادی پارٹی کے ممبران کی تعداد 10 ہوگئی ہے۔ شکشک دل اور آزاد ملا کر پانچ دوسرے ممبران ہیں۔ دیگر سیٹیں خالی ہیں۔

کالج اور یونیورسٹی میں خون کے عطیہ کیمپوں کا انعقاد کریں

کنگ جارج میڈیکل یونیورسٹی میں خون عطیہ 2024 کی اختتامی تقریب سے گورنر آنندی بین پٹیل کا خطاب

لکھنؤ(ایس این بی) ریاستی گورنر آنندی بین پٹیل کی صدارت میں آج جمعہ کو کنگ جارج میڈیکل یونیورسٹی میں خون عطیہ 2024 کا اختتام ہوا۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں گورنر نے کہا کہ خون کا عطیہ ایک عظیم عطیہ ہے اور سب کو آگے آکر اس نیک کام کو انجام دینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ کسی کو بھی خون کی ضرورت ہوسکتی ہے اور خون کا عطیہ دینے سے کبھی بھی دریغ نہیں کرنا چاہیے۔ مختلف طبی اداروں اور خون کے عطیات میں سرگرم اداروں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ آہستہ آہستہ لوگوں میں خون کے عطیہ کے بارے میں سمجھ اور شعور آ رہا ہے۔ گورنر نے 21 /جون کو بین الاقوامی یوم یوگا پر ہر ایک سے یوگا کرنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ جہاں یوگا کے کیمپوں کا انعقاد کیا جائے وہیں خون کے عطیہ کیمپ کا بھی انعقاد کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ خون کے عطیہ کے ذریعے خون کی جانچ بھی ہمیں بیماریوں کے بارے میں جاننے میں مدد دیتی ہے جس کی تشخیص کے لیے ہمیں باقاعدگی سے یوگا کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ انہوں نے اتر پردیش کے ہر کالج، یونیورسٹی اور ڈسٹرکٹ جیل میں خون عطیہ کیمپ منعقد کرنے کی ہدایات دیں۔

> خون کا عطیہ دینا معاشرے کو اچھا پیغام دیتا ہے: مینکیشور شرن سنگھ

پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے ریاستی وزیر مملکت برائے صحت و طبی تعلیم مینکیشور شرن سنگھ نے کہا کہ خون کے عطیہ کا کام تمام افراد کے اجتماعی تعاون سے ممکن ہے۔ خون کا عطیہ دینا معاشرے کو اچھا پیغام دیتا ہے۔ پرنسپل سکریٹری میڈیکل ایجوکیشن پارتھا سارتھی سین شرما نے رضا کارانہ خون کے عطیہ کو محفوظ خون کا عطیہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے نہ صرف صحت بہتر ہوتی ہے بلکہ لگن کا جذبہ بھی فروغ پاتا ہے۔ انہوں نے ریاست میں خون کے عطیہ کی شرح کو بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔

اس موقع پر کے جی ایم یو کی وائس چانسلر پروفیسر سونیا نتیا نند نے 20 ویں عالمی یوم خون عطیہ کرنے والوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ یہ پروگرام لوگوں کو رضا کارانہ خون کے عطیہ کے لیے آگے آنے کا پیغام دے گا۔ انہوں نے کہا کہ خون کے عطیات کے بارے میں نوجوانوں کو تعلیم اور شعور دینا ہوگا۔ انہوں نے خون کے عطیہ کے فوائد بھی بتائے۔ کے جی ایم یو کے شعبہ ٹرانسفیوژن میڈیسن کی سربراہ ڈاکٹر تولیکا چندرا نے کہا کہ خون کا عطیہ کرنے سے کوئی کمزوری نہیں آتی اور نیا خون زیادہ توانائی فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اتر پردیش میں محفوظ خون کے عطیہ کا فیصد 30 سے 40 فیصد ہے، جسے 100 فیصد ہونا ضروری ہے۔ محکمہ کی کامیابیوں کی تفصیلات بتاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خون کی سالانہ حصولیابی ملک میں سب سے زیادہ ہے۔ تقریب میں ریاستی گورنر نے سوونیئر ’رکت دان کو سمّان‘ کا اجرا کیا اور خون عطیہ کرنے والوں و تنظیموں کو بھی توصیفی اسناد سے نوازا۔ اس موقع پر مشن ڈائریکٹر نیشنل ہیلتھ مشن ڈاکٹر پنکی جوول، خون کے عطیات میں سرگرم تنظیموں کے نمائندے، ڈاکٹرز، خون عطیہ کرنے والے اور دیگر معززین موجود تھے۔

مختصر خبریں

شدید گرمی کے پیش نظر اسکولوں کی تعطیل میں اضافہ

لکھنؤ(ایس این بی) اتر پردیش میں شدید گرمی کو دیکھتے ہوئے بورڈ اسکولوں کے 8ویں کلاس تک کے اسکولوں کی گرمی کی چھٹیاں بڑھادی گئی ہیں۔ ڈائریکٹریٹ جنرل بیسک ایجوکیشن نے اس سلسلہ میں حکم جاری کیا ہے۔ پہلے 18 جون تک اسکولوں کے کھلنے کی ہدایت تھی، لیکن اب شدید گرمی کے سبب تعطیل 10 روز مزید بڑھا کر 24 جون تک کے لیے کردیا گیا ہے۔ بچے 28/جون سے صبح 7.30 بجے سے 10 بجے تک موجود رہیں گے۔ جبکہ یکم جولائی سے اسکولوں کا وقت صبح 7.30 بجے سے دوپہر 1.30 بجے تک کردیا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں ڈائریکٹر جنرل اسکول ایجوکیشن کنچن ورما نے یہ جانکاری دی ہے۔ قابل ذکر ہے کہ ریاست میں شدید گرمی کے سبب ٹیچرس ایسوسی ایشن نے ریاستی حکومت سے گرمی کی تعطیل بڑھانے کی گزارش کی تھی۔

ڈاکٹر سوریہ کانت کو اعزاز ملنے پر مبارکباد

لکھنؤ(پریس ریلیز) کنگ جارج میڈیکل یونیورسٹی کے ڈاکٹر سوریہ کانت کو ریاستی گورنر آنندی بین پٹیل کے ذریعہ اعزاز سے نوازے جانے پر مولانا علی میاں ندوی فاؤنڈیشن کے صدر الحاج شیراز الدین نے مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر سوریہ کانت اپنی زندگی میں اب تک 100 سے زیادہ بار خون کا عطیہ دے چکے ہیں اور کئی دیگر رضا کار تنظیموں کے ذریعے لوگوں کو خون کا عطیہ کرنے کی ترغیب بھی دی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ڈاکٹر کانت کے جی ایم یو میں اپنی طالب علمی کے دور سے ہی خون عطیہ کر رہے ہیں اور لوگوں کو خون عطیہ کرنے کی ترغیب دے رہے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ خون کا عطیہ کرنے سے انسان کو کوئی نقصان نہیں ہوتا بلکہ اس سے نئی توانائی پیدا ہوتی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ جسم میں پانچ لیٹر خون ہوتا ہے، جس میں سے صرف ایک تہائی لیٹر خون ایک بار عطیہ کرنا پڑتا ہے اور یہ خون ایک ہفتے کے اندر اندر جسم میں جذب ہو کر نئے خون کی شکل میں بنتا ہے جو جسم کو مزید مضبوط اور توانا بناتا ہے۔ اس لیے خون کا عطیہ دینے سے بالکل نہیں گھبرانا چاہیے۔

الیکشن میں عوام نے بھاجپا کا غرور توڑ دیا

انڈیا اتحاد نے آئین بچانے کیلئے جدوجہد کی: اکھلیش یادو

لکھنؤ(ایس این بی) لوک سبھا انتخابات نے ہندوستان کی سیاست کو بدلنے کا کام کیا ہے۔ اجودھیا ضلع کے لوک سبھا حلقہ فیض آباد سے ممبر پارلیمنٹ اودھیش پرساد کی جیت نے نفرت کی سیاست کو ختم کر دیا ہے۔ ہمیں تاریخی جیت ملی ہے اس جیت سے ہماری ذمہ داری مزید بڑھ گئی ہے۔ ہمیں ابھی سے 2027 کے اسمبلی انتخابات کی تیاریوں میں مصروف ہوجانا چاہئے۔ ان خیالات کا اظہار سپا کے قومی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ اکھلیش یادو نے کیا۔ مسٹر یادو جمعہ کو پارٹی ہیڈ کوارٹر کے ڈاکٹر رام منوہر لوہیا آڈیٹوریم میں کثیر تعداد میں آئے کارکنوں، لیڈران، ممبران اسمبلی اور نومنتخب ممبران پارلیمنٹ سے خطاب کررہے تھے۔ مسٹر یادو نے کہا کہ اس لوک سبھا الیکشن میں سماجوادی پارٹی کو تاریخی جیت ملنے سے سماجوادی پارٹی کی طاقت میں اضافہ ہوا ہے اور لیڈران، کارکنان میں نئی توانائی پیدا ہوئی ہے۔ آئندہ اسمبلی الیکشن میں جیت کا ہدف حاصل کرنے کے لئے جہاں ہمیں اپنی زبان صحیح رکھنی ہے۔ وہیں سبھی کا احترام بھی ضروری ہے۔ ہمیں عوام سے وابستہ رہنا ہے ،عوام کا آشرواد ہمارے ساتھ ہے۔

اکھلیش یادو نے کہا کہ عوام کے سامنے کوئی نہیں ٹک سکتا ہے۔ الیکشن میں عوام نے بھاجپا کا غرور توڑ دیا ہے۔ بھاجپا لیڈران کو اب نیند نہیں آتی ہے۔ این ڈی اے منفی نگیٹیو اتحاد ثابت ہوا جبکہ پی ڈی اے ترقی یافتہ پروگیسیو اتحاد رہا۔ سماجوادی پارٹی پی ڈی اے- انڈیا اتحاد نے آئین کو بچانے کے لئے جدوجہد کی۔ سماجوادی پارٹی کی جیت پر مبارکباد دینے آئے سیکڑوں لوگوں نے مسٹر اکھلیش یادو سے ملاقات کر کے انہیں جیت کی مبارکباد دی۔ اس موقع پر یش بھارتی ایوارڈ یافتہ پنڈت ہری پرساد مشرا نے بھی مسٹر یادو کو مبارکباد پیش کی۔ نیز لمبی عمر کی دعا دی۔

اس موقع پر خصوصی طور پر قومی جنرل سکریٹری شیو پال سنگھ یادو، اُدے پرتاپ سنگھ، سابق اسمبلی اسپیکر ماتا پرساد پانڈے، قومی سکریٹری راجیندر چودھری، برہما شنکر ترپاٹھی، شاہد منظور، جسمیر انصاری، ایم ایل سی شاہ عالم گڈو جمالی، سابق ایم پی قیصر جہاں، سدھا کر سنگھ، سعیدہ خاتون، کرن پال کشیپ، جے پرکاش انچل، لال بہاری یادو، پون پانڈے، سنتوش پانڈے، پوجا شکلا، ڈاکٹر آر کے ورما، لال جی ورما، چندر شیکھر چودھری، سیوشنکر یادو، ناگیندر یادو، وجے سنگھ، رام پرتاپ سنگھ، سریندر سنگھ نائک وغیرہ نے یادگاری نشان دے کر سپا کے قومی صدر اکھلیش یادو کو جیت کی مبارکباد پیش کی۔

کویت میں ہندوستانی شہریوں کی موت پر اظہار رنج وغم: سپا کے قومی صدر اکھلیش یادو نے کویت میں پیش آئے آتشزدگی کے واقعہ میں ہندوستانی شہریوں کی ہلاکت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ مسٹر یادو نے مہلوکین کے ورثاء سے اظہار تعزیت کی ہے۔ قابل ذکر ہے کہ گزشتہ بدھ کو کویت میں خطرناک آتشزدگی میں ہلاک ہونے والے 45 ہندوستانیوں میں سے تین شہری اتر پردیش کے ہیں۔

یوم عرفہ، مغفرت معافی و دوزخ سے نجات ہے: قاری محمد صدیق

لکھنؤ(پریس ریلیز) مسجد سبحانیہ پاٹا نالہ چوک میں سالانہ جلسہ فضائل یوم عرفہ منعقد ہوا، جس کی صدارت غفران احمد خاں (اچھے بھائی) نے کی۔ آغاز حافظ عبدالصمد کی تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ جلسے کو خطاب کرتے ہوئے دارالمبلغین پاٹا نالہ کے استاذ مولانا قاری محمد صدیق نے کہا کہ ماہ ذی الحجہ کا پہلا عشرہ اللہ تعالیٰ کو عبادت کے لئے اور تمام دنوں سے زیادہ پسندیدہ ہے۔ اس عشرہ میں ایک دن کا روزہ سال بھر روزہ رکھنے کے برابر ہے لیکن 10 ذی الحجہ کا روزہ رکھنا منع ہے اور اس عشرہ کا رات کا جاگنا شب قدر میں جاگنے کے برابر ہے۔ قاری محمد صدیق نے خصوصیت کے ساتھ یوم عرفہ کی فضیلت بیان کرتے ہوئے کہا کہ یوم عرفہ مغفرت معافی و دوزخ سے نجات کا ہے۔ یوم عرفہ 9 ذی الحجہ کا روزہ بہت زیادہ باعث ثواب ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جس نے اپنی زبان کی بری عادتوں سے اپنے کانوں کی حرام آواز سننے سے اپنی آنکھ کی حرام مناظر دیکھنے سے عرفہ کے دن حفاظت کی تو روز عرفہ کی برکت سے اس کے گناہ بخش دیے جائیں گے اور دوزخ کے مجرمین عرفہ سے زیادہ اور کسی دن آزاد نہیں کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یوم عرفہ 9 ذی الحجہ کی نماز فجر سے 13 /ذی الحجہ کی نماز عصر تک ہر مسلمان پر فرض نمازوں کے بعد تکبیر تشریق پڑھنا بھی ضروری ہے اس سے غافل نہ ہوں۔

عیدالاضحیٰ پرامن طریقے سے منانے کیلئے امن کمیٹی کی میٹنگ

قربانی کے جانور کی باقیات ادھر ادھر نہ پھینکیں: کوتوال

شاہجہاں پور (ایس این بی) آئندہ عید الضحیٰ کی پرامن اور محفوظ تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے تھانہ کانٹ کے کوتوال دیا شنکر نے تھانہ احاطے میں امن کمیٹی کی میٹنگ منعقد کی۔ جس میں علاقے کے مہذب شہری اور مذہبی رہنماؤں کی موجودگی میں ہدایت دی گئی کہ قربانی کے جانوروں کی باقیات کو نہ پھینکا جائے۔ عیدگاہ یا مسجد میں بقرعید کی نماز پڑھنے کی تاکید کی گئی۔

تھانہ احاطے میں عید الضحیٰ کے تہوار کو پرامن طریقے سے منانے کے لیے امن کمیٹی کی میٹنگ کے دوران کوتوال دیا شنکر نے کہا کہ تہوار پر کسی قسم کی کوئی نئی روایت نہ ڈالی جائے۔ قربانی کھلے میں نہ کی جائے۔ قربانی والے جانور کے باقیات اِدھر اُدھر نہ پھینکیں۔ عید کی نماز عیدگاہ اور مسجد کے اندر ہی پڑھی جائے۔ شر پسند عناصر پر خصوصی نظر رکھی جائے۔ اس کی اطلاع فوراً پولیس کو دیں۔ کسی بھی قسم کی گڑبڑی کرنے والے شر پسند عناصر سے پولیس سختی سے نبٹے گی۔ اس موقع پر جامع مسجد عیدگاہ کمیٹی کے صدر شہزاد احمد خاں، یوگیش شرما، ڈاکٹر شعیب خان، کونسلر گریش مشرا، راجدیپ شرما، مولانا رضوان رضا خان، حافظ سرتاج، مولانا سہیل قادری اور پولیس عملہ موجود رہا۔

امام محمد باقر نے وسیع علمی تحریک کی بنیاد رکھی: مولانا سہیل عباس

راجدھانی کے مختلف مقامات پر مجالس وماتم کا اہتمام

لکھنؤ(پریس ریلیز) حوزہ علمیہ ابوطالب میں شہادت امام محمد باقر کے موقع پر مجلس عزا کا انعقاد کیا گیا جس میں تلاوت کلام پاک کے بعد مولانا سہیل عباس نے مجلس کو خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امام باقر نے اپنے دور میں وسیع علمی تحریک کی بنیاد رکھی جو آپ کے فرزندار جمند امام ابوعبداللہ جعفر بن محمد صادق کے دور میں عروج کو پہنچی۔ آپ علم، زہد اور فضیلت میں اپنے دور کے ہاشمی بزرگوں میں سرفہرست تھے اور علم دین، سنت، علوم قرآن سیرت اور فنون اخلاق و آداب جیسے موضوعات میں جس قدر حدیثیں اور روایات آپ سے منقول ہیں وہ امام حسن اور امام حسین کے کسی بھی دوسرے فرزند سے نقل نہیں ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امام باقر کی علمی شہرت نہ صرف حجاز میں بلکہ حتیٰ کہ عراق اور خراسان تک بھی پہنچ چکی تھی۔ انہوں نے کہا کہ امام باقر نے اپنے اوقات کا ایک حصہ تفسیری موضوعات و مباحث کے لئے مختص کر رکھا تھا اور تفسیری حلقہ تشکیل دے کر علماء اور عام لوگوں کے سوالات و اعتراضات کا جواب دیتے تھے۔ کہا جاتا ہے کہ امام باقر نے تفسیر قرآن میں ایک کتاب بھی تصنیف کی تھی جس کی طرف محمد بن اسحٰق ندیم نے اپنی کتاب فہرست میں بھی اشارہ کیا ہے۔

دوسری جانب حضرت محمد باقر کی شہادت پر آج جمعہ کو مجالس وماتم کا اہتمام کیا گیا اور امام کے تابوت کی زیارت کرائی گئی، جہاں مردوں نے شہر کے امام باڑوں، روضوں اور کربلاؤں میں مجالس میں شرکت کی، جبکہ خواتین نے گھروں میں ماتم کر کے امام کی شہادت پر غم منایا۔ حیدری مسجد مفتی گنج میں مولانا عباس ارشاد نقوی نے مجلس میں علم حاصل کرنے اور علم کو پھیلانے پر زور دیا۔ روضہ حضرت مسلم رئیس منزل میں منعقد مجلس کو مولانا حسنین باقری نے خطاب کیا۔ کل کی مجلس کو مولانا گلزار مہدی خطاب کریں گے۔

درگاہ حضرت عباس رستم نگر میں حضرت امام حسین کے سفیر حضرت مسلم بن عقیل کی شہادت کی یاد میں مولانا گلزار جعفری نے مجلس کو خطاب کیا۔ مولانا نے اہل بیت کی فضیلت بیان کیا۔ مجلس کے بعد انجمن نور حیدری نے نوحہ خوانی کی۔ کل کی مجلس کو مولانا حبیب حیدر دیر شب 8.30 بجے خطاب کریں گے۔ مجلس کے بعد تابوت کی زیارت کرائی جائے گی۔ امام باڑہ مقصد حسینی گھاس منڈی میں دوسری مجلس کو مولانا سید رئیس کاظم نے خطاب کیا۔

کربلا نصیرالدین میں مجلس آج: حضرت مسلم بن عقیل کی شہادت کی یاد میں کل ہفتہ کی شب 8 بجے کربلا شاہ نصیرالدین حیدر ڈالی گنج میں مولانا انور رضوی مجلس کو خطاب کریں گے۔ مجلس کے بعد کی انجمنیں نوحہ خوانی کریں گی اور تابوت کی زیارت ہوگی۔

روضہ حضرت مسلم میں تابوت کی مجلس کل: انجمن غنچہ مہدیہ کی جانب سے حضرت مسلم کی شہادت کی یاد میں روضہ حضرت مسلم رئیس منزل میں اتوار کو شام 4 بجے خواتین کی مجلس ہوگی۔ بعدہ شام 5 بجے مجلس کو مولانا محمد علی حیدر خطاب کریں گے۔ انجمن کے سکریٹری نصرت حسین لالا نے بتایا کہ مجلس کے بعد انجمن نوحہ خوانی کرے گی۔ اس کے بعد تابوت کی زیارت کرائی جائے گی۔

آل انڈیا پیام انسانیت فورم کے تحت بلرام پور اسپتال میں خون عطیہ کیمپ

لکھنؤ(ایس این بی) عالمی یوم خون عطیہ کے موقع پر آل انڈیا پیام انسانیت فورم کی جانب سے ندوۃ العلماء کے 24 طلباء نے بلرام پور ضلع اسپتال میں خون کا عطیہ دے کر خدمت خلق پیغام دیا۔ اس موقع پر موقع پر بلرام پور اسپتال کے ڈائرکٹر نے عالمی یوم خون عطیہ پر آل انڈیا پیام انسانیت فورم کے کارکن شفیق چودھری کے ساتھ ہی طلباء کو اعزاز سے نوازا۔

باندہ ومرزا پور کے چکبندی افسر معطل

مین پوری میں بھی کئی افسران وملازمین پر ہوئی کارروائی

لکھنؤ(ایس این بی) بدعنوانی اور کام میں لاپروائی کے خلاف ریاستی حکومت کی زیرو ٹالرینس کی پالیسی کے تحت چکبندی محکمہ نے دو اضلاع کے چکبندی افسران کے خلاف سخت ایکشن لیا ہے۔ مرزا پور اور باندہ کے چکبندی افسران کو معطل کردیا گیا ہے جبکہ مین پوری میں بھی چکبندی سے وابستہ نصف درجن افسران وملازمین پر کارروائی ہوئی ہے۔ چکبندی کمشنر جی ایس نوین نے باندہ اور مرزا پور کے دونوں چکبندی افسران کو معطل کرتے ہوئے ان کے خلاف محکمہ جاتی جانچ کا حکم دیا ہے، جبکہ مین پوری کے افسر اور ملازمین کے خلاف محکمہ جاتی جانچ اور وجہ بتاؤ نوٹس جاری کی گئی ہے۔

اطلاع کے مطابق باندہ میں مالیاتی سال 2023-24 میں دفعہ 27 و 52 کے تحت موضع امریہنڈا کا کام مکمل نہ کرنے، موضع بہنگا میں اسسٹنٹ چکبندی افسر کی سطح پر وضع چکوں کی خامیوں کو دور کر کے کام آگے بڑھانے کے بجائے گاؤں کو اسسٹنٹ چکبندی افسر کی سطح پر حل نہ کرنے، سی سی ایم ایس پورٹل کے توسط سے عدالت نہ چلانے اور موضع امریہنڈا کے گاٹا نمبر 1331 کا رقبہ بندوبست سے زائد بڑھانے وغیرہ بے ضابطگیوں کے لیے چکبندی افسر رانا پرتاپ کو معطل کرتے ہوئے ان کے خلاف تادیبی کارروائی کا حکم دیا ہے۔

اسی طرح مرزا پور میں موضع نویا کی چک نمبر 950 وغیرہ سے متوفی شیش نرائن سنگھ کی وراثت منمانہ طریقہ پر بغیر جانچ چار مرتبہ الگ الگ حکم جاری کر کے عہدہ کا غلط استعمال کیے جانے اور بعد نمبر 174، دفعہ 12 میں بغیر دستاویزات کا معائنہ اور جانچ کے میوٹیشن آرڈر کی تاریخ پاس کرنے کے لیے چکبندی افسر راجندر رام کو معطل کر کے محکمہ جاتی کارروائی کا حکم دیا گیا ہے۔

دوسری جانب مین پوری میں چکبندی افسر محمد ساجد، چکبندی کارکن کالی چرن اور روی کانت، چکبندی لیکھ پال امت کمار اور اجے کمار کے خلاف محکمہ جاتی کارروائی کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ مین پوری کے ہی ڈپٹی ڈائریکٹر کنسولیڈیشن افسر- اے ڈی ایم ایف آر رام جی مشرا کو وجہ بتاؤ نوٹس جاری کی گئی ہے۔

منشیات کے مضراثرات کو بیان کرنے والا پوسٹر مقابلہ 19 کو

لکھنؤ(ایس این بی) اتر پردیش کے محکمہ انسداد نشہ خوری کے تحت شراب اور دیگر نشہ آور اشیاء کے استعمال کے مضر اثرات کو ظاہر کرنے والے پوسٹر مقابلہ کا انعقاد محکمہ کے علاقائی افسر کے دفتر 27 اشوک مارگ، لکھنؤ کے احاطے میں کیا جا رہا ہے۔ یہ مقابلہ صبح 10.30 بجے سے کیا جا رہا ہے۔ مقابلہ مکمل طور پر مفت ہے، جس میں کسی بھی عمر کے طلباء، مرد/خواتین حصہ لے سکتے ہیں۔ مقابلے میں حصہ لینے والے شرکاء 18 /جون کی شام تک اپنا رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔ مقابلے کے لیے پوسٹر پیپر مقابلے کے مقام پر مفت فراہم کیے جائیں گے اور شرکاء پوسٹر بنانے کے لیے ضروری سامان خود ساتھ لائیں گے۔

منشیات کے استعمال اور غیر قانونی اسمگلنگ کے خلاف (یوم بین الاقوامی 26/ جون) کے موقع پر صبح 11 بجے گومتی نگر وپن کھنڈ واقع بین الاقوامی بودھ انسٹی ٹیوٹ میں مقابلہ کے کامیاب شرکا کو محکمہ کی جانب سے ریاستی وزیر برائے محکمہ آبکاری ونتن اگروال کے ہاتھوں ایوارڈ اور توصیفی سند سے نوازا جائے گا۔

انجمن دیار ادب کے تحت طرحی نشست

نانپارہ - بہرائچ (ایس این بی) محلّہ توپ خانہ میں ادبی تنظیم انجمن دیار ادب کی جانب سے ایک طرحی شعری نشست ہوئی جس کی صدارت استاذ شاعر سوشن نانپاروی نے کی جبکہ نظامت نظر بہرائچی نے کی۔ پروگرام کے مہمان خصوصی منظور بہرائچی رہے۔ نشست میں سوشن نانپاروی، حافظ جمیل، کیف نانپاروی، منظور بہرائچی، نواز بہرائچی، شمس نانپاروی، نظر بہرائچی، سفیر نانپاروی، ذاکر لکھنوی، لعل نانپاروی، ضمیر نانپاروی، کاشف نانپاروی نے اپنا کلام پیش کیا پروگرام کے آخر میں لعل نانپاروی نے شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔

ڈراما ’ہائے ہینڈسم‘ کا اسٹیج شو

شاہجہاں پور (ایس این بی) ٹیلنٹ میکر سوسائٹی کے تحت جے وردھن کا تحریر کردہ مزاح سے بھرپور ڈرامہ پریزنٹیشن ’ہائی ہینڈسم‘ کا شاندار طریقے سے اسٹیج شو کیا گیا جس میں فنکاروں نے اپنی عمدہ اداکاری سے شائقین کو محظوظ کیا۔ گاندھی بھون آڈیٹوریم میں گذشتہ شام کو منعقد ڈرامے کی کاسٹ میں ہدایت کار ہنس راج وکل نے کرنل کپور کا کردار متاثر کن انداز میں نبھایا۔ سوامی کے کردار میں وجے راج، منڈا کے کردار میں رادھا، سیتا دیوی کے کردار میں بھاونا راج وکل اور کمال اور دارو والا کے کرداروں میں بالترتیب آمود کمار اور اروند کمار روی نے متاثر کیا۔ سونو سکسینہ، سہیل محمد، سندیپ آریہ، دیویندر پال، رچن کمار، سنجیو کمار شریواستو، مدیت جونیجا اور اتل اوستھی نے اسٹیجنگ میں خصوصی تعاون کیا۔ ڈرامہ کا آغاز اسسٹنٹ انجینئر سریندر کمار راٹھور، انل ورما، شاہنواز خان اور گورو ساگر نے ناریل توڑ کر کیا۔ سب کا استقبال مومنٹو دے کر کیا گیا۔ نظامت کوی ڈاکٹر اندو اجنبی نے کی۔ اس موقع پر گھنشیام داس اگروال، گیانیندر موہن گیان، آلوک سکسینہ، وکاس بھارتی، ڈاکٹر آنند پرکاش مشرا، شمیم آزاد، کرشن کمار شریواستو، راجیشور سنگھ جاٹو، اروند چولا، راج بھوشن جوہری، رامیشور یادو، راہل گوتم، انیمیش شریواستو، شیوا سکسینہ، یوگیش پانڈے، شوبھت گپتا، انوپ کمار، رشی کانت رشی وغیرہ موجود تھے۔

یوگا ہفتہ پکھواڑا اور بین الاقوامی یوگا ڈے منانے کی حکمتِ عملی تیار

سی ڈی او کا غیر حاضر افسران کو شوکاز نوٹس جاری کرنے کی ہدایت

شاہجہاں پور (ایس این بی) یوگا ہفتہ 15 جون سے 21 جون تک ضلع میں منایا جائے گا اور دسواں بین الاقوامی یوم یوگا 21 جون 2024 کو منایا جائے گا۔ پروگرام کو کامیابی کے ساتھ مکمل کرنے کے لیے چیف ڈیولپمنٹ آفیسر ڈاکٹر اپراجیتا سنگھ کی صدارت میں وکاس بھون آڈیٹوریم میں افسران اور یوگا اداروں کے ساتھ میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ میٹنگ کے دوران یوگا ہفتہ پکھوارا اور بین الاقوامی یوگا ڈے منانے کے پروگراموں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ مذکورہ اہم اجلاس میں کئی افسران غیر حاضر رہے۔ سی ڈی او نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے اجلاس میں غیر حاضر تمام افسران کو شوکاز نوٹس جاری کرنے کی ہدایت کی۔

وزیر اعظم کی تحریک سے ہر سال 21 جون کو بین الاقوامی یوگا ڈے منایا جاتا ہے۔ جس کا مقصد یوگا کو ہر ایک کے لیے صحت کا ذریعہ بنانا ہے۔ اس سال کا تھیم خود اور معاشرے کے لیے یوگا ہے۔ لوگوں کو صحت کے فوائد فراہم کرنے کے مقصد سے ریاست کے ہر ضلع میں 15 جون سے 21 جون تک یوگا ہفتہ پکھوارا کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اسی سلسلے میں ضلع میں یوگا ہفتہ پکھوارا اور انٹرنیشنل یوگا ڈے منانے کے لیے ایک میٹنگ کا اہتمام کیا گیا۔ میٹنگ کے دوران یہ فیصلہ کیا گیا کہ 15 جون بروز ہفتہ یوگا ہفتہ پکھوارا کا افتتاح صبح 5:30 بجے پارلیمنٹرین، وزیر، ایم ایل اے، کونسلر، گاؤں کے پردھان اور عوامی نمائندوں کے ذریعے ٹاؤن ہال میں واقع ہاکی کلب میدان میں کیا جائے گا۔ گروپ یوگا پروگرام صبح 5:30 بجے سے صبح 6:30 بجے تک چلے گا۔ جس میں گروپ یوگا پریکٹس، رنگولی مقابلہ، سیمینار، نعرہ بازی مقابلہ، لوگوں کے طرز زندگی میں یوگا کی اہمیت وغیرہ جیسے پروگرام منعقد کیے جائیں گے۔ سی ڈی او نے نوڈل آفیسر کو پروٹوکول کے مطابق تمام تیاریاں مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ یوگا ہفتہ اور بین الاقوامی یوگا ڈے کا انعقاد ضلع میں بڑے پیمانے پر کیا جائے۔ اے ڈی ایم سنجے کمار پانڈے، علاقائی آیورویدک اور یونانی آفیسر ڈاکٹر سراج احمد انصاری کے ساتھ دیگر افسران اور یوگا اداروں کے نمائندے میٹنگ کے دوران موجود تھے۔

متعدد وکلاء کانگریس میں شامل

لکھنؤ(ایس این بی) راہل گاندھی و پرینکا گاندھی اور کانگریس کی پالیسیوں سے متاثر ہو کر آج جمعہ کو لکھنؤ سول کورٹ کے وکلاء سراج احمد، مجیب احمد خان، محمد زین، فہیم انصاری، معید الحسن، سید سعید اختر اور ایڈوکیٹ شرافت رسول نے پارٹی کے اقلیتی شعبہ کے ریاستی چیئر مین شاہنواز عالم کی قیادت میں ریاستی نائب صدر دنیش سنگھ، اے آئی سی سی کے کوآرڈینیٹر شمیم خاں اور اقلیتی کانگریس کے ریاستی جنرل سکریٹری محمد عمیر کی موجودگی میں کانگریس پارٹی کی رکنیت حاصل کی۔ اس موقع پر کانگریس اقلیتی سیل کے جنرل سکریٹری انیس اختر اور سکریٹری شمشیر علی وغیرہ بھی موجود تھے۔